فوری ریلیز کے لیے: 18/11/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے نومبر کے لیے خوراک کی اضافی امداد کی مد میں 234$ ملین کا اعلان کیا ہے

تمام SNAP گھرانوں کو نومبر کے لیے خوراک کے زیادہ سے زیادہ فوائد وصول ہوں گے

سپلیمنٹل غذائی فوائد کا فروری تک جاری رہنا متوقع ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ سپلیمنٹل غذائی امدادی پروگرام میں اندراج شدہ نیویارک کے تمام باشندوں کو نومبر کے لیے منظور کردہ زیادہ سے زیادہ خوراک کے فوائد حاصل ہوں گے۔ SNAP میں حصہ لینے والے تمام گھرانوں کو — بشمول وہ گھرانے جو پہلے ہی فوائد کی زیادہ سے زیادہ سطح پر ہیں — اس مہینے ایک سپلیمنٹل تقسیم حاصل ہو گی، جس کے نتیجے میں ریاست نیویارک کی معیشت میں تقریباً 234$ ملین کی وفاقی فنڈنگ شامل ہو گی۔

"نیویارک کے باشندوں میں غذائی عدم تحفظ کو دور کرنے کے لیے SNAP ہمارے سب سے بڑے ٹولز میں سے ایک ہے، خاص طور پر ان افراد کے لیے جو اب بھی عالمی وبا کی وجہ سے ہونے والے معاشی نقصان سے دوچار ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ فنڈز نیویارک کے باشندوں کو، وسائل کو دیگر گھریلو ضروریات کے لیے محفوظ رکھتے ہوئے، اپنے اور اپنے خاندان کے لیے صحت مند، غذائیت سے بھرپور خوراک خریدنے میں مدد دیں گے۔"

اضافی ہنگامی امداد تمام گھرانوں کو فراہم کی جائے گی، بشمول وہ جن کو عام طور پر SNAP سے ہر ماہ زیادہ سے زیادہ منظور کردہ فوائد وصول ہوتے ہیں، جو کہ وفاق کا فنڈ شدہ ایک پروگرام ہے جس کی نگرانی ریاست نیویارک کا دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت (New York State Office of Temporary and Disability Assistance, OTDA) کرتا ہے۔ پہلے سے زیادہ سے زیادہ فائدے کی سطح — چار افراد کے گھرانے کے لیے 939$ — پر موجود یا اس کے قریب گھرانوں کو کم از کم 95$ کی اضافی رقم ملے گی۔

نیویارک شہر سے باہر تمام کاؤنٹیز میں SNAP گھرانوں کو یہ اضافی فوائد کی پوسٹ بدھ، 23 نومبر تک دیکھ لینی چاہیئے۔ نیویارک شہر کے پانچ کاؤنٹیز والے علاقے میں موجود SNAP گھرانوں کو پیر 28 نومبر تک اپنے فوائد کی پوسٹ دیکھ لینی چاہیئے۔

OTDA نے اپریل 2020 میں ان SNAP گھرانوں کے لیے ہنگامی سپلیمنٹل فوائد جاری کرنا شروع کیے، جن کو فوائد کی زیادہ سے زیادہ ماہانہ رقم سے کم فوائد وصول ہو رہے تھے۔ جب جون 2021 میں ریاست نیویارک کے ہنگامی اعلان کی میعاد ختم ہوئی تو ایجنسی نے وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر تمام SNAP گھرانوں کے لیے زیادہ سے زیادہ تفسیم کو وفاق کی اعلان کردہ صحتِ عامہ کی ہنگامی حالت کی میعاد ختم ہونے تک حاصل کرنے کے لیے کام کیا، جس کی میعاد میں جنوری تک توسیع کر دی گئی اور اس سے OTDA کے لیے ان فوائد کو فروری تک جاری کرنا ممکن ہو جائے گا۔

نیویارک کے باشندوں کا SNAP پر بہت زیادہ انحصار جاری رہا، جس میں ستمبر کے دوران ریاست بھر میں 1.6 ملین سے زیادہ گھرانے، بشمول 2.8 ملین سے زیادہ نیویارک کے باشندے، اس منصوبے میں کا حصہ بنے۔ اگرچہ

ریاست بھر میں SNAP کے وصول کنندگان اگست کے مقابلے میں قدرے کم تھے، مگر وہ ستمبر 2021 کے مقابلے میں 2.5 فیصد زیادہ تھے، جس سے ان اہم فوائد کی مسلسل مانگ اجاگر ہوتی ہے۔

ریاست نیویارک کے دفتر برائے عارضی اور معذوری کی امداد کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا، "ہمیں ریاست نیویارک میں تمام SNAP وصول کنندگان کے لیے ماہانہ فوائد کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لیے اپنے وفاقی پارٹنرز کے ساتھ کام جاری رکھنے پر خوشی ہے۔ اس سے نیویارک کے ان لاکھوں محنتی باشندوں کو مدد ملے گی، کہ جو اپنے خاندانوں کو کھانے کی میز پر صحت مند اور اچھی خوراک مہیا کرنے کی خاطر کوشاں ہیں۔"

نمائندے Joe Morelle نے کہا، "ہمارا فرض ہے کہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں کہ خاندان اپنے بچوں کی ضرورتیں پوری کرنے اور اپنی میزوں پر کھانا فراہم کرنے کے قابل ہوں۔ میں نیویارک کے باشندوں کے لیے ہنگامی سپلیمنٹل SNAP فوائد میں اضافہ کر کے غربت کے سلسلے میں کمی لانے کے لیے گورنر کی کوششوں کو سراہتا ہوں۔ میں صحت مند کھانے کے اختیارات تک رسائی کو بڑھانے اور اپنی کمیونٹی کے مستقبل کو مضبوط بنانے کے لیے مل کر کام جاری رکھنے کا منتظر ہوں۔"

SNAP نیویارک کی جاری اقتصادی بحالی میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے اور جنوری سے اب تک ریاست کی معیشت میں $2 بلین سے زیادہ کا اضافہ کر چکا ہے۔ امریکی معیشت پر SNAP کے اثرات کی مقدار بیان کرنے والے ایک وفاقی مطالعے کے مطابق SNAP کی جانب سے لگایا گیا ہر وفاقی ڈالر اقتصادی سرگرمی کی مد میں 1.54$ تک پیدا کرتا ہے۔

یہ سپلیمنٹل فوائد نیویارک کے ضرورت مند باشندوں کے لیے ایک اہم وسیلہ بھی ہیں، کیونکہ ایک حالیہ مطالعہ کے مطابق، ریاست کی تقریباً 14 فیصد آبادی نے گزشتہ سال SNAP فوائد پر انحصار کیا۔ وصول کنندگان میں سے آدھے سے زیادہ گھرانے بچوں والے خاندان تھے اور تقریبا 48 فیصد میں 55 سال سے زیادہ عمر کے ایک بزرگ یا معذور فرد شامل تھے۔

پچھلے مہینوں کی طرح، ادائیگیاں براہ راست وصول کنندگان کے موجودہ الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (EBT) اکاؤنٹس میں پہنچائی جائیں گی اور ان تک ان کے موجودہ EBT کارڈز سے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ SNAP کے باقاعدہ فوائد کی طرح، سپلیمنٹل فوائد کو خوراک کے مجاز کردہ ریٹیل اسٹورز پر خوراک خریدنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ تمام غیر استعمال شدہ SNAP فوائد خود بخود اگلے مہینے میں منتقل ہو جائیں گے۔

ہنگامی سپلیمنٹل SNAP فوائد کے بارے میں مزید معلومات، کثرت سے پوچھے گئے سوالات کے جوابات سمیت، یہاں سے حاصل کریں۔ اندراج میں دلچسپی رکھنے والے نیویارک کے باشندے mybenefits.ny.gov پر جا کے، آن لائن درخواست دینے کے علاوہ اپنی SNAP کی اہلیت بھی معلوم کر سکتے ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418